ہفت روزہ
خبروں کی خبر
اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا
KHABRON KI KHABAR
Regd.MAHURD02636

Editor in Chief : Ziya Ur Rahman Farooqui

زیر سرپرستی
مولانا محفوظ الرحمن فاروقی رحمانی

ایڈیٹر
قاری ضیاء الرحمن فاروقی

جلد نمبر : 1 | شمارہ نمبر : ۲۶ | بروز جمعہ ۱۰ مئی ۲۰۲۴ / ۱ ذوالقعدہ ۱۴۴۵ھ | قیمت ۔ 2 | صفحات ۔ 4

VOLUME-1 | ISSUE-26 | FRIDAY 10 May 2024 | PAGE-4 | RS-2

چار جون کو این ڈی اے حکومت گرنے والی ہے

بہار کے سابق ڈپٹی سی ایم اور قائد حزب اختلاف تیجسوی یادو نے وزیر اعظم مودی کو نشانہ پر لیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 4 جون کو این ڈی اے حکومت گرنے جا رہی ہے، وہ پٹنہ میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے پٹنہ: بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور قائد حزب اختلاف تیجسوی یادو نے وزیر اعظم مودی کو نشانہ پر لیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 4 جون کو این ڈی اے حکومت گرنے جا رہی ہے۔ تیجسوی یادو پٹنہ میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کو علم ہے کہ بہار اور ملک کے عوام تاناشاہ حکومت کو ہٹانا چاہتے ہیں۔ تیسرے مرحلے کے الیکشن کے بعد ہم لوگ بہت اچھی پوزیشن میں ہیں۔ انتخابات سے قبل جو لوگ سمجھتے

تھے وہ انگلی چبانے کا کام کر رہے ہیں۔ ہم لوگ پوری طرح سے پراعتماد ہیں کہ 4 جون کو این ڈی اے حکومت گرنے جا رہی ہے۔ لالو پرساد یادو پر وزیر اعظم مودی کی جانب سے کئے گئے تبصرے پر تیجسوی یادو نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کب لالو یادو کے خلاف نہیں بولتے؟ پی ایم مودی دن بھر ہم لوگوں کے خلاف بولتے رہتے ہیں۔ آپ دیکھئے نا، ہم کو دوسری ریاست میں جا کر گالی دے رہے ہیں۔ وہ گھبرائے ہوئے ہیں، خوفزدہ ہیں، وہ صرف جھوٹ بولتے ہیں۔ ریزرویشن کے سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم لوگوں نے ذات پر مبنی مردم شماری کے بعد جو ریزرویشن میں اضافہ کیا ہے اسے نویں شیڈیول میں شامل کیوں نہیں کیا گیا؟ وزیر اعظم مودی جمہوریت اور آئین کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ وزیر اعظم کے قول اور فعل میں بھاری تضاد ہے۔ انہیں 'دھرم شاستر' سیکھنا چاہیئے۔ 'دھرم' کے ساتھ 'کرم' کی بھی بات کریں کہ 10 برسوں تک آپ نے کیا کیا، آپ نے بہار کے لئے کیا کیا؟

اورنگ آباد-عثمان آباد کا نام تبدیل کرنے کے خلاف

داخل عرضی کو بامبے ہائی کورٹ نے کیا خارج

بامبے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس دیویندر کمار اور جسٹس عارف ڈاکٹر کی بنچ نے کہا کہ ریاستی حکومت کے ذریعہ علاقوں کے نام بدلنے سے متعلق جاری نوٹیفکیشن میں مداخلت کی ضرورت نہیں۔ مہاراشٹر کے اورنگ آباد اور عثمان آباد علاقوں کا نام تبدیل کیے جانے کے خلاف داخل عرضیوں کو آج بامبے ہائی کورٹ نے خارج کر دیا۔ ساتھ ہی عدالت نے عرضی دہندگان کے سامنے یہ سوال رکھ دیا کہ ''نام میں کیا رکھا ہے؟'' دراصل مہاراشٹر حکومت نے اورنگ آباد ضلع کا نام بدل کر چھترپتی سنبھاجی نگر اور عثمان آباد کا نام بدل کر دھاراشیو کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔ اسی کے خلاف کئی عرضیاں بامبے ہائی کورٹ میں داخل کی گئی تھیں، جنھیں آج عدالت نے خارج کر دیا۔ بامبے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس دیویندر کمار اور جسٹس عارف ڈاکٹر کی بنچ نے داخل عرضیوں پر سماعت کرنے کے بعد کہا کہ اس میں کچھ بھی خاص نہیں ہے، اس لیے ریاستی حکومت کے ذریعہ نام بدلنے کے لیے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں مداخلت کرنے کی ضرورت نہیں۔ عدالت نے مزید کہا کہ اورنگ آباد اور عثمان آباد کا نام بدلنے کے لیے ریاستی حکومت کے ذریعہ جاری نوٹیفکیشن کسی بھی طرح سے غیر قانونی نہیں ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ مہاراشٹر لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت ریاستی حکومت کسی بھی ریونیو سیکٹر کو ختم کرنے اور علاقہ کا نام بدلنے کی اجازت دے سکتی ہے۔ ساتھ ہی عدالت نے یہ بھی کہا کہ ریاستی حکومت نے اورنگ آباد اور عثمان آباد کے نام بدلنے کا فیصلہ لینے سے پہلے ضروری قانونی شرائط پر عمل کیا ہے۔

آئین کو کبھی ختم نہیں ہونے دیں گے

میں آپ کو گارنٹی دے رہا ہوں

راہل گاندھی نے جھارکھنڈ کے کونبیر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''آئین کی حفاظت کے لیے ہم جان کی بازی لگا دیں گے، ہر قیمت پر آئین اور عوام کے حقوق کی حفاظت کریں گے۔'' بی جے پی اور آر ایس ایس آئین ک ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ملک کے آئین نے ہی آپ کو سارے حقوق دیے ہیں، یہ ملک کے غریبوں، دلتوں، پسماندوں، قبائلیوں کی آواز ہے۔ اگر آئین ختم ہو گیا تو غریبوں کے سارے حقوق چھین لیے جائیں گے۔ لیکن میں آپ کو گارنٹی دے رہا ہوں... ہم آئین کو کبھی ختم نہیں ہونے دیں گے۔'' یہ بیان راہل گاندھی نے جھارکھنڈ میں انتخابی تشہیر کے دوران جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے دیا۔ انھوں نے آج جھارکھنڈ کے کونبیر، سنگھ بھوم اور چائباسہ میں انڈیا اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں انتخابی تشہیر چلائی جس میں لوگوں کی زبردست بھیڑ دیکھنے کو ملی۔ کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے کونبیر میں قبائلیوں اور پسماندہ طبقات سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی آئین نے انھیں جو حقوق دیے ہیں، اسے بی جے پی اور آر ایس ایس چھیننا چاہتے ہیں، اس سازش کو کسی بھی قیمت پر کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ راہل کہتے ہیں کہ ''آئین کی حفاظت کے لیے ہم جان کی بازی لگا دیں گے۔ ہر قیمت پر آئین اور عوام کے حقوق کی ہم حفاظت کریں گے۔'' وہ مزید کہتے ہیں ''بی جے پی کے لوگ آپ کو 'ونواسی' کہتے ہیں۔ بی جے پی نے آپ کو یہ نام اس لیے دیا ہے کیونکہ وہ آپ کو حق اور حصہ داری نہیں دینا چاہتے۔ لیکن میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ آپ ونواسی نہیں، آپ 'قبائلی' ہیں، آپ ہندوستان کے پہلے مالک ہیں۔''

بی جے پی گمراہ پارٹی ہے

اس کی نہ کوئی پالیسی ہے نہ نیت

کمل ناتھ نے کہا، ''بی جے پی کی قیادت کسانوں، نوجوانوں، خواتین، سرکاری ملازمین، دلتوں، پسماندہ طبقات، قبائلیوں، اقلیتوں یا ملک کے کسی بھی طبقے کے بارے میں کوئی پالیسی یا نیت واضح نہیں کر پا رہی ہے''۔ بھوپال: مدھیہ پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ کمل ناتھ نے بی جے پی کو ایک گمراہ پارٹی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بی جے پی کی مختلف طبقات کے لیے نہ تو کوئی پالیسی ہے اور نہ ہی کوئی نیت۔ کمل ناتھ نے جمعرات کو ایکس پر لکھا، ''بی جے پی کی قیادت ملک کے کسانوں، نوجوانوں، خواتین، سرکاری ملازمین، دلت، پسماندہ طبقے، قبائلیوں، اقلیتوں یا کسی دوسرے طبقے کے بارے میں کوئی پالیسی یا نیت واضح کرنے کے قابل نہیں ہے۔ ہندوستانی شہری گمراہ پارٹی سے ملک کے دفاع کے لیے تیار ہیں۔'' انہوں نے مزید کہا، ''بی جے پی شروع سے ہی اس الیکشن کو ایشوز سے ہٹانے کی کوشش کر رہی تھی لیکن بھٹکاتے بھٹکاتے اب وہ خود ہی بھٹک گئی ہے۔ اس لوک سبھا الیکشن میں عوام کا ذہن اب واضح ہو گیا ہے۔ ہندوستان کے عوام اقتدار کی چابیاں 'انڈیا' اتحاد کے حوالے کرنے جا رہے ہیں۔ اس سے پہلے بدھ کو کمل ناتھ نے کہا تھا کہ لوک سبھا انتخابات میں ریزرویشن ایک اہم موضوع بن گیا ہے۔ انہوں نے بی جے پی پر آئین میں تبدیلی کر کے ریزرویشن چھیننے کا الزام لگایا تھا۔

تیسرے مرحلے کی ووٹنگ کا حتمی ڈیٹا جاری

یو پی میں سب سے کم 57 فیصد ووٹنگ

الیکشن کمیشن کی بہت سی کوششوں کے باوجود اس بار بھی ووٹنگ کی فیصد 2019 سے 09.2 کم رہی۔ جن ریاستوں میں کم ووٹنگ ہوئی ہے ان میں بہار، مہاراشٹر، یو پی، گجرات شامل ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی ووٹنگ کل (7 مئی) کو مکمل ہوگئی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے رات 40.11 بجے جاری حتمی اعداد وشمار کے مطابق 11 ریاستوں کے 93 لوک سبھا حلقوں میں ووٹنگ کی تعداد 40.64 رہی جبکہ الیکشن کمیشن کی بہت سی کوششوں کے باوجود اس بار بھی ووٹنگ کی فیصد 2019 سے 09.2 کم رہی۔ جن ریاستوں میں کم ووٹنگ ہوئی ہے ان میں بہار، مہاراشٹر، یو پی، گجرات شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے اعداد وشمار کے مطابق منگل کو تیسرے مرحلے میں اتر پردیش کی 10، بہار کی 5، گجرات کی 25 اور مہاراشٹر کی 11 سیٹوں پر ووٹنگ ہوئی۔ ان چار ریاستوں میں کل 51 سیٹیں ہیں جہاں سب سے کم ووٹنگ ہوئی ہے۔ بہار کی جن سیٹوں پر تیسرے مرحلے میں ووٹنگ ہوئی، ان میں جھانجھر پور میں 50.55 فیصد، سپول میں 40.62 فیصد، اررریہ میں 80.62 فیصد، مدھے پورہ میں 00.61 فیصد اور کھگڑیا میں 20.58 فیصد ووٹنگ ہوئی۔

مدھیہ پردیش کے بیتول میں 4 پولنگ مراکز پر 10 موئی کو پھر ہوگی ووٹنگ

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اس تعلق سے حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی حلقہ 129 میں شامل پولنگ مراکز راجہ پور، دودر رایت، کنڈا رایت اور چِکھلی مال میں 10 مئی کو پھر سے ووٹنگ ہوگی بھوپال: مدھیہ پردیش کے بیتول پارلیمانی حلقہ کے چار پولنگ مراکز پر 10 مئی کو دوبارہ ووٹنگ ہوگی۔ ان علاقوں میں 7 مئی کو ووٹنگ ہوگئی تھی لیکن بس میں آگ لگ جانے کے سبب ای وی ایم مشینیں متاثر ہوگئی تھیں۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر انوپم راجن نے بتایا کہ بیتول علاقہ کے ملتائی اسمبلی حلقہ میں آنے والے چار مراکز پر دوبارہ ووٹنگ ہوگی۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اس تعلق سے حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی حلقہ 129 میں شامل پولنگ مراکز راجہ پور، دودر رایت، کنڈا رایت اور چِکھلی مال میں 10 مئی کو پھر سے ووٹنگ ہوگی۔ ووٹنگ 10 مئی کو صبح 7 بجے سے شامل 6 بجے تک کی جائے گی۔ 10 مئی کو صبح ساڑھے پانچ بجے ووٹنگ کی مشق کی جائے گی، اس کے لئے پولنگ کا عملہ ساز وسامان کے ساتھ 9 مئی کو روانہ ہو جائے گا۔ دوبارہ پولنگ کے دوران انمٹ سیاہی ووٹروں کے بائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں لگائی جائے گی۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے بیتول کے کلکٹر اور ضلع الیکٹورل افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام امیدواروں اور سیاستی پارٹیوں سمیت مشاہدین کو دوبارہ ووٹنگ کی اطلاع لازمی طور پر دیں اور پولنگ مراکز کے علاقہ میں منادی منادی کرائی جائے۔ قابل ذکر ہے کہ 7 مئی کو ووٹنگ کے بعد واپس لوٹ رہی بس میں آگ لگ گئی تھی، جس کی اطلاع کلکٹر اور ضلع الیکشن افسر بیتول نے چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر کو بھیجی تھی۔ کمیشن کو اطلاع ملنے کے فوراً بعد چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر سے اس واقعہ کی اطلاع دی گئی۔ اس کے بعد الیکشن کمیشن آف انڈیا نے بیتول کے چار پولنگ اسٹیشنوں میں دوبارہ پولنگ کا حکم دیا۔

اروند کیجریوال کی عبوری ضمانت منظور

کیجریوال کو جیل سپرنٹنڈنٹ کے اطمینان کے لیے 50000 روپے کا ضمانتی بانڈ اور اتنی ہی رقم کی ایک ضمانت دینا ہوگی۔ وہ چیف منسٹر آفس اور دہلی سکریٹریٹ نہیں جائیں گے نئی دہلی: دہلی کے وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی (عآپ) کے کنوینر اروند کیجریوال کو دہلی ایکسائز پالیسی میں مبینہ شراب گھوٹالہ سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں جمعہ (10 مئی) کو سپریم کورٹ سے عبوری ضمانت مل گئی۔ تاہم عدالت عظمیٰ نے انہیں کچھ شرائط کا پابند بنایا۔ سپریم کورٹ کے تحریری فیصلہ میں لکھا گیا ہے کہ اروند کیجریوال کو جیل سپرنٹنڈنٹ کے اطمینان کے لیے 50000 روپے کا ضمانتی بانڈ اور اتنی ہی رقم کی ایک ضمانت دینا ہوگی۔ وہ چیف منسٹر آفس اور دہلی سکریٹریٹ نہیں جائیں گے۔ وہ اپنی طرف سے دیے گئے بیان کے پابند ہوں گے۔ وہ سرکاری فائلوں پر دستخط نہیں کریں گے اور اگر بہت اہم فائل ہوگی تو اس پر دستخط کرنے کے لیے ایل جی سے اجازت طلب کریں گے۔ وہ موجودہ کیس میں اپنے کردار پر تبصرہ نہیں کریں گے اور نہ ہی کسی گواہ کے ساتھ بات چیت کریں گے اور نہ ہی اس کیس سے متعلق کسی سرکاری فائل تک رسائی حاصل کریں گے۔ خیال رہے کہ اروند کیجریوال کو یکم جون تک عبوری ضمانت دی گئی ہے اور اس دوران وہ اپنی پارٹی کے حق میں انتخابی تشہیر کر سکیں گے۔ سپریم کورٹ نے ضمانت منظور کرتے ہوئے واضح الفاظ میں لکھا کہ اروند کیجریوال کو 2 جون تک عدالت میں خود سپردگی کرنا ہوگی۔ خیال رہے کہ ای ڈی نے دہلی کے مبینہ شراب گھوٹالے میں وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو 21 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔

بی ایس پی میں تبدیلی پر اکھلیش کا طنز،

اس مرتبہ ان کی ایک بھی سیٹ نہیں آ رہی!' سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے بدھ کو بی ایس پی میں پھیر بدل پر طنز کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس الیکشن میں بی ایس پی کو ایک بھی سیٹ آتی ہوئی نظر نہیں آ رہی، اس وجہ سے بڑی تبدیلی کی ہے لکھنؤ: سماجوادی پارٹی (ایس پی) کے قومی صدر اکھلیش یادو نے بدھ کو بی ایس پی میں پھیر بدل پر طنز کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس الیکشن میں بی ایس پی کو ایک بھی سیٹ آتی ہوئی نظر نہیں آ رہی، اس وجہ سے بڑی تبدیلی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازی بی ایس پی کے ہاتھ سے نکل چکی ہے۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ بی ایس پی نے اپنی تنظیم میں بڑی تبدیلیاں کی ہیں، جو ان کی پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے۔

اتراکھنڈ میں شدید بارشوں سے تباہی

اتراکھنڈ کے الموڑا اور باگیشور میں بادل پھٹ گیا اور پرولا اترکاشی میں ژالہ باری ہوئی۔ محکمہ موسمیات نے 13 مئی تک اتراکھنڈ کے مختلف علاقوں میں ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی ہے دہرادون: اتراکھنڈ کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں، ژالہ باری اور بادل پھٹنے سے تباہی ہوئی ہے، تاہم اس کے بعد کافی دنوں سے جنگلات میں بھڑکتی ہوئی آگ آخرکار ٹھنڈی پڑ گئی۔ جنگلات میں لگی آگ بجھ جانے سے لوگوں نے راحت کی سانس ضرور لی ہے لیکن موسم کی اس قدر نے معمولات زندگی کو درہم برہم کر دیا ہے۔ نیوز پورٹل 'آج تک' کی رپورٹ کے مطابق الموڑا، اترکاشی اور باگیشور اضلاع میں موسلادھار بارش کی وجہ سے جنگل میں لگی آگ کافی حد تک بجھ گئی ہے۔ تاہم بادل پھٹنے، ژالہ باری اور بارش سے کئی علاقوں میں نظام زندگی درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔

رفح میں اسرائیل کی فوجی کارروائی سے برہم ہوگیا امریک

امریکہ نے اسرائیل کو بھیجے جانے والے ہتھیاروں کی کھیپ روک دی ہے۔ ایک سینئر امریکی اہلکار نے یہ اطلاع دی۔ امریکہ کی بائیڈن حکومت رفح پر اسرائیل کے حملے کو ٹالنے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ اسرائیل نے رفح کے خلاف فوجی کارروائی شروع کر دی ہے۔ غزہ شہر کے رفح سرحد پر حملے کی وجہ سے اسرائیل اور امریکہ کے تعلقات میں تناؤ آ گیا ہے۔ یہ کشیدگی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ امریکہ نے اسرائیل کو بھیجے جانے والے ہتھیاروں کی کھیپ روک دی ہے۔ ایک سینئر امریکی اہلکار نے یہ اطلاع دی۔ امریکہ کی بائیڈن حکومت رفح پر اسرائیل کے حملے کو ٹالنے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ اسرائیل نے رفح کے خلاف فوجی کارروائی شروع کر دی ہے۔ امریکی حکومت کے ایک اہلکار نے کہا کہ ہم نے اسرائیل کو بھیجے جانے والے ہتھیاروں کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے، جنہیں رفح میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس جائزے کے حصے کے طور پر، ہم نے گزشتہ ہفتے اسرائیل کو بھیجے گئے 2000-1800 lb بموں سمیت متعدد ہتھیاروں کی سپلائی روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تاہم وائٹ ہاؤس اور پینٹاگون نے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی

روکنے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ اسرائیل کے وزیر دفاع یوو گیلنٹ نے کہا کہ اگر حماس نے معاہدے کے تحت ہمارے یرغمالیوں کو رہا نہیں کیا تو ہم رفح پر مزید خوفناک حملے کریں گے۔ اسرائیل نے حماس کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے کو بھی مسترد کر دیا۔ اسرائیل نے پیر کی شب رفح پر حملہ شروع کر دیا تھا۔ رفح میں بڑی تعداد میں عام شہریوں کے مارے جانے کا خدشہ ہے۔ جب حماس نے 7 اکتوبر کو اسرائیل پر حملہ کیا تھا تو امریکہ نے اسرائیل کی حمایت کا اعلان کیا تھا۔ تاہم رفح پر اسرائیل کے حملے کی امریکہ کی جانب سے مخالفت کی جا رہی ہے۔ امریکہ کو خدشہ ہے کہ رفح پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں بڑی تعداد میں شہریوں کا نقصان ہو سکتا ہے اور اسرائیل حماس جنگ پورے عرب خطے میں پھیل سکتی ہے۔ غزہ پر اسرائیل کے حملے میں اب تک 35 ہزار سے زائد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں اور اس کی وجہ سے غزہ کے تقریباً 23 لاکھ افراد غذائی قلت کے دہانے پر ہیں۔ غزہ سے اسرائیلی حملے سے بچ کر بڑی تعداد میں لوگوں نے رفح میں پناہ لی ہے۔ ایسے میں رفح پر اسرائیل کے حملے سے بڑی تعداد میں شہریوں کی ہلاکت کا خدشہ ہے۔

حماس کا جنگ بندی کا مطالبہ نا قابل قبول

بنجامن نیتن یاہو نے کہا کہ غزہ سے اسرائیل کے انخلاء کا مطلب اسرائیل کا ہتھیار ڈالنا ہوگا اور یہ حماس و ایران کے لیے ایک بڑی فتح ہوگی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے اتوار کو تصدیق کی کہ ان کی حکومت حماس کے ساتھ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے معاہدے پر پہنچنے کے لیے تیار ہے لیکن انہوں نے حماس پر الزام لگایا کہ اس نے ناقابل قبول مطالبات پیش کئے ہیں۔ نیتن یاہو نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ حماس ضرورت سے زیادہ مطالبات کر رہا ہے۔ ان کا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ ہم غزہ کی پٹی سے اپنی تمام فوجیوں کو واپس بلالیں، جنگ ختم کریں اور حماس کو تنہا چھوڑ دیں۔ اسرائیل ان شرائط کو قبول نہیں کر سکتا۔ بنجامن نیتن یاہو نے کہا کہ حماس کے ساتھ

بالواسطہ بات چیت کے تازہ ترین دور کے دوران اسرائیلی حکومت نے رعایتیں دینے کے لیے اپنی رضامندی کا مظاہرہ کیا، جسے امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے فراخدلانہ قرار دیا۔ اس کے باوجود اسرائیلی وزیر اعظم نے اصرار کیا کہ ان کی حکومت غزہ میں اپنے فوجی اہداف کو کبھی ترک نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ غزہ سے اسرائیل کے انخلاء کا مطلب اسرائیل کا ہتھیار ڈالنا ہوگا اور یہ ”حماس، ایران کے لیے ایک بڑی فتح ہوگی۔“

آزادی اظہار اور جمہوریت کہاں مرگئی!

احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف حکومت کی سرپرستی میں امریکی پولیس کے تشدد آمیز اور وحشیانہ رویے نے مغربی ممالک کا حقیقی چہرہ عیاں کر دیا ہے امریکہ سمیت دنیا کے مختلف ممالک کی یونیورسٹیوں میں اسرائیل کے خلاف اور فلسطین کے حق میں اٹھنے والی آواز کے درمیان یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ عالمی ضمیر بیدار اور عالمی سطح پر انتفاضہ اور انقلاب شعلہ ور ہو چکا ہے۔ احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف حکومت کی سرپرستی میں امریکی پولیس کے تشدد آمیز اور وحشیانہ رویے نے مغربی ممالک کا حقیقی چہرہ عیاں کر دیا ہے اور ان مغرب نواز حلقوں کی قلعی بھی کھول دی ہے جو اسلامی معاشروں میں مغربی دنیا کو انتہائی خوبصورت کر کے پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس وقت ہم ان سے یہ اہم سوال پوچھ سکتے ہیں کہ وہ آزادی اظہار اور جمہوریت جس کا آپ دن رات ڈھنڈورا پیٹتے تھے، آج کہاں مرگئی ہے؟ مختصر یہ کہ اقوام عالم کی بیداری، امریکہ اور اسرائیل کی سربراہی میں عالمی سامراجی نظام کو نیست و نابود کر ڈالے گی۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اسرائیل، امریکہ اور مغربی ممالک کے آشیرواد سے غزہ کی پٹی میں مظلوم فلسطینیوں کا وحشیانہ قتل عام جاری رکھے ہوئے ہے اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ

اس ظلم وستم کی شدت اور وسعت بیان کرنے کے لیے نسل کشی کی اصطلاح بروئے کار لانا بھی کافی نہیں ہے۔ غزہ کی پٹی میں روزآنہ ایسے مجرمانہ اقدامات منظر عام پر آتے ہیں جنہیں دیکھ کر انسانیت شرمسار ہو جاتی ہے اور ہم ہر روز غزہ کے خان یونس کے الشفاء اور ناصر اسپتال کے احاطے میں اجتماعی قبریں منکشف ہونے جیسی لرزہ خیز خبریں سن کر اٹھتے ہیں۔ ان اجتماعی قبروں سے ملنے والی لاشوں کا معائنہ کرنے والوں کا کہنا ہے کہ انہیں بدترین ٹارچر کے ذریعے شہید کیا گیا تھا جبکہ سب سے زیادہ افسوسناک خبر یہ ملی کہ ان میں سے کچھ کو زندہ دفن کر دیا گیا تھا۔ مغربی سامراجی ممالک کے زیر تسلط طاقتیں کھلم کھلا ان مجرمانہ اور وحشیانہ اقدامات کی حمایت کرنے میں مصروف ہیں جن کی مثال تاریخ بشریت میں نہیں ملتی۔ جبکہ کچھ ایسے ممالک بھی پائے جاتے ہیں جو اس بربریت اور قتل عام کو روکنے کے لیے طاقت کے استعمال کے بارے میں حتی سوچتے بھی نہیں ہیں اور حتی اس کے خلاف واضح موقف اپنانے سے بھی کتراتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان ممالک کے سربراہان ظلم اور جرم کو برا کہنا بھی نہیں چاہتے لیکن آج عالمی ضمیر بیدار ہو چکا ہے اور عالمی انقلاب شعلہ ور ہو گیا ہے۔

سعودی عرب کا نیا انقلابی اقدام



حج سیزن کے دوران ”فلائنگ ٹیکسی سروس“ متعارف

سعودی عرب کی حکومت حج اور عمرہ کے سیزن کے دوران عازمین کی خدمت کے لیے ہر ممکن سہولیات اور ضیوف الرحمان کے راحت و آرام کی خطر اقدامات کرتی ہے۔ ان نت نئے اقدامات اور سہولیات میں پہلی بار حج سیزن کے موقع پر عازمین کی نقل و حمل کے لیے ”فلائنگ ٹیکسی سروس“ سروس متعارف کرائی جا رہی ہے۔ سعودی عرب کی وزارت ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس کے وزیر انجینیر صالح الجاسر نے ”العربیہ“ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وزارت نے اس سال حج کے سیزن کے دوران مزید باسہولت اور تیز تر ٹیکنالوجیز اور نقل و حمل کے ذرائع سے استفادہ کرتے ہوئے ”فلائنگ ٹیکسیاں“ اور ”ڈرونز“ کا استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الجاسر نے بتایا کہ یہ نقل و حمل کے جدید ماڈل ہیں۔ آنے والے سالوں میں نقل و حمل کی عملی مصنوعات فراہم کرنے کے لیے کمپنیاں دوڑ دھوپ کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان ٹیکنالوجیز اور ان کے موقع، ماحول اور موسمی حالت کے پیش نظر حج سیزن میں تیاری ہونی چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر ٹرانسپورٹ نے کہا ان کا محکمہ مملکت کی قیادت کی رہنمائی اور ہدایات کی روشنی میں حج اور عمرہ سیزن کے دوران عازمین کو آمد و رفت کے زیادہ بہتر اور آرام دہ سفری ذرائع فراہم کی کوشش کرتی ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی تقریباً اٹھتیس ہزار سے زائد عملہ عازمین کو سڑکوں، ریل گاڑیوں اور ہوائی جہازوں کے ذریعے سفری اور لاجسٹک سہولیات کی فراہمی میں مدد کرے گا

امریکہ میں ایک اور ہندوستانی طالب علم لاپتہ

ہندوستانی قونصلیٹ جنرل نے کہا ہے کہ ہندوستانی طالب علم روپیش چندرا کی گمشدگی کی خبر پریشان کن ہے۔ سفارت خانہ ہندوستانی کمیونٹی اور پولیس کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔ ہندوستانی طلبہ کے لیے امریکہ میں تعلیم حاصل کرنا ایک خوشنما خواب رہا ہے لیکن کچھ عرصے سے یہ خوشنما خواب اب ایک ڈراؤنے خواب میں تبدیل ہوتا جا رہا ہے۔ دراصل امریکہ میں ہندوستانی طلباء کے لاپتہ یا قتل کے واقعات مسلسل سامنے آ رہے ہیں۔ اب ایک بار پھر ایک ہندوستانی طالب علم شکاگو امریکہ سے لاپتہ ہو گیا ہے۔ اس طالب علم کی شناخت روپیش چندر چنتا کنڈی کے طور پر ہوئی ہے جو 2 مئی سے لاپتہ ہے۔ خبروں کے مطابق شکاگو میں ہندوستانی قونصلیٹ جنرل نے کہا ہے کہ وہ امریکہ میں رہنے والی پولیس اور ہندوستانی کمیونٹی سے رابطے میں ہے۔ قونصلیٹ جنرل نے سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی پوسٹ میں لکھا کہ 'قونصلیٹ جنرل ہندوستانی طالب علم روپیش چندر کی گمشدگی کی خبر سن کر انتہائی پریشان ہیں۔ سفارت خانہ ہندوستانی برادری اور پولیس کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور امید ہے کہ روپیش کا جلد ہی سراغ لگا لیا جائے' واضح رہے کہ ابھی گزشتہ (اپریل) ماہ ہی امریکہ کے نیویارک میں ایک ہندوستانی طالب علم عبدال عرفات کی موت واقع ہوئی ہے۔ اہل خانہ کا الزام تھا کہ لڑکے کے والد کو 1200 ڈالر تاوان کے مطالبہ کی کال موصول ہوئی تھی۔ طالب علم 20 مارچ سے لاپتہ تھا۔ اسی طرح گزشتہ ماہ ہی امریکی ریاست اوہایو میں ایک طالب علم کی موت واقع ہوئی تھی، اس کی شناخت اوما ستیا سائی گڈے کے طور پر ہوئی ہے۔ حالیہ دنوں میں ہندوستانی طلبہ کے قتل اور اغوا کے معاملات میں مسلسل اضافہ کی وجہ سے امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے ساتھ ان کے اہل خانہ کی فکرمندیوں میں اضافہ ہونا لازمی ہے۔

●●●●●

پاکستان میں پھر دہشت گردانہ حملہ
وادر میں 7 مزدوروں کی موت

دہشت گردوں نے گوادر کے سربند میں فش ہاربر جیٹی کے پاس رہائشی کوارٹرس پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس میں سو رہے 7 مزدوروں کی موت ہوگئی اور ایک دیگر زخمی ہوگیا۔ پاکستان میں ایک بار پھر دہشت گردانہ حملے کی خبریں سامنے آ رہی ہیں۔ معاملہ بدھ کی دیر شب کا ہے جب گوادر میں دہشت گردوں نے

اچانک حملہ کر دیا جس میں 7 مزدوروں کی موت ہوگئی۔ پاکستانی میڈیا رپورٹس کے مطابق دہشت گردوں نے گوادر کے سربند میں فش ہاربر جیٹی کے پاس رہائشی کوارٹرس پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس میں سو رہے سات مزدوروں کی موت ہوگئی اور ایک دیگر شخص زخمی ہوگیا۔ قابل ذکر ہے کہ 20 مارچ کو پاکستان کے بلوچستان واقع گوادر پورٹ پر دہشت گردانہ حملہ ہوا تھا جس میں 7 حملہ آور ہلاک ہوئے تھے۔ اس وقت گوادر پورٹ کے اتھارٹی کمپلیکس میں آٹھ مسلح دہشت گرد جبراً داخل ہو گئے تھے اور حملہ کر دیا تھا۔ بعد ازاں مکران ڈویژن کے کمشنر سعید احمد عمرانی نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ حملہ ممنوعہ بلوچستان لبریشن آرمی کے ذریعہ کیا گیا۔ انھوں نے حملے میں کسی مقامی شخص کی ہلاکت سے انکار کیا تھا۔ گوادر کے سینئر پولیس سپرنٹنڈنٹ ظہیب محسن کا بھی ایک بیان سامنے آیا تھا جس میں انھوں نے بتایا تھا کہ جوابی کارروائی میں 7 حملہ آور مارے گئے اور پھر گولی باری بند ہوگئی۔ واضح رہے کہ پاکستان میں دہشت گردانہ حملوں کے واقعات میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔ حال ہی میں سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز کے ذریعہ ایک سالانہ سیکورٹی جاری کی گئی تھی، جس میں اس تعلق سے کچھ حقائق سامنے آئے ہیں۔ اس رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 2023 میں 789 دہشت گردانہ حملے ہوئے۔

سعودی عرب کی ترکیہ میں کثیر
القومی مشترکہ مشقوں میں شرکت

سعودی آرمڈ فورسز کا دستہ ترکی میں کثیر القومی مشترکہ مشقوں ایفیس 2024 میں شرکت کے لیے ترکیہ پہنچا ہے۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی ایس پی اے کے مطابق ترکیہ کے شہر ازمیر میں ہونے والی مشترکہ مشقوں میں متعدد برادر اور دوست ملک شریک ہیں۔ مشترکہ مشقوں میں شرکت کے لیے انقرہ پہنچنے پر سعودی سفارت خانے کے ملٹری اتاشی اور مشترکہ مشقوں کے کمانڈر کموڈور عادل بن محمد الکشمی نے سعودی فورسز کے دستے کا خیر مقدم کیا۔ مشترکہ مشقیں دو مراحل میں ہوں گی۔ پہلا مرحلہ استنبول کے ملٹری نیشنل وار سینٹر، ازمیر کے جوائنٹ کمانڈ سینٹر میں کمانڈ سینٹر مشق جبکہ دوسرے مرحلے میں ازمیر کے کارتال کیمپ میں فیلڈ مشق کی جائے گی۔ آرمڈ فورسز ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے سربراہ میجر جنرل عادل بن محمد البلوی نے کہا کہ 'مشقوں کا مقصد فورسز کے درمیان تجربات کا تبادلہ، مختلف آپریشنل ماحول میں مشترکہ آپریشنز کی پلاننگ و کوآرڈینیشن کی مشق، جنگی صلاحیت اور شریک ملکوں کے درمیان فوجی تعاون کو بڑھانا ہے۔' انہوں نے بتایا 'مشقوں میں حصہ لینے والے یونٹ بحری لینڈنگ آپریشنز، سرچ اینڈ ریسکیو اور ڈرون کے خطرات سے نمٹنے کے علاوہ لائیو ایمونیشن کا استعمال کرتے ہوئے ہلکے ہتھیاروں سے فائرنگ سمیت متعدد فیلڈ جنگی حربے انجام دیں گے'

●●●●●

خطرناک میزائل بنانے کی پاکستان کر رہا تھا تیاری

مریکہ نے تین چینی اور ایک بیلاروسی کمپنی پر پاکستان کے میزائل پروگرام کے لیے ساز و سامان کی فراہمی پر پابندی لگا دی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ جن کمپنیوں پر پابندی لگائی گئی ہے، ان میں منسک وہیل ٹریکٹر پلانٹ، ژیان لونگڈے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ، تیانجن کریئیٹیو سورس انٹرنیشنل ٹریڈ کمپنی لمیٹڈ اور گرانپیکٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ واشنگٹن: امریکہ نے تین چینی اور ایک بیلاروسی کمپنی پر پاکستان کے میزائل پروگرام کے لیے ساز و سامان کی فراہمی پر پابندی لگا دی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ جن کمپنیوں پر پابندی لگائی گئی ہے، ان میں منسک وہیل ٹریکٹر پلانٹ، ژیان لونگڈے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ، تیانجن کریئیٹیو سورس انٹرنیشنل ٹریڈ کمپنی لمیٹڈ اور گرانپیکٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ یہ کمپنیاں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تیاری اور پھیلاؤ میں معاونت کرنے میں مصروف ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ اپنے اتحادیوں کے ساتھ مل کر بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تیاری اور پھیلاؤ کو روکنے کے

لیے پرعزم ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق چین میں واقع ژیان لونگڈے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے پاکستان کے طویل فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائل پروگرام کے لیے فلیمینٹ وائنڈنگ مشینوں سمیت کئی آلات فراہم کئے ہیں۔ اسی طرح چین میں واقع تیانجن کریئیٹیو سورس انٹرنیشنل ٹریڈ کمپنی لمیٹڈ نے پاکستان کو اسٹر ویلڈنگ کا سامان فراہم کیا ہے۔ اسے خلائی لانچ گاڑیوں میں استعمال ہونے والے پروپیلنٹ ٹینکوں کی تیاری کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ایک اور چینی کمپنی گرانپیکٹ کمپنی لمیٹڈ نے راکٹ موٹروں کی جانچ کے لیے پاکستان کو سامان فراہم کیا۔ مزید برآں، گرانپیکٹ، پاکستان کے نیشنل ڈیولپمنٹ کمپلیکس (این ڈی سی) کو راکٹ موٹروں کی جانچ کے لیے سامان بھی فراہم کر چکا ہے۔

حماس کا نیول کمانڈر محمد احمد اسرائیلی بمباری میں ہلاک

اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ حالیہ فضائی حملے میں حماس کا سمندری حدود میں فوجی سرگرمیوں کا ذمہ دار کمانڈر ہلاک ہوا ہے۔ اسے نشانہ بنانے کے لیے فضائی حملہ بدھ کے روز کیا گیا۔ کمانڈر کا تعلق غزہ شہر کی نیوی یونٹ سے تھا۔ اسرائیلی فوج کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے 'نیول کمانڈر محمد احمد علی کو گزشتہ روز فضائی حملہ میں ہلاک کیا ہے تاہم حماس نے محمد احمد کی اسرائیلی فوج کی بمباری سے ہلاکت پر فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ فلسطینی عسکریت پسند گروپ کے ذرائع نے کہا ہے کہ محمد احمد علی عزالدین القسام بریگیڈ کا ممبر تھا۔ اسرائیلی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا ہے 'ہلاک ہونے والا نیول کمانڈر غزہ کی پٹی کے اندر اسرائیلی فوج پر حملے کرنے کا ذمہ دار تھا۔ خیال رہے



آٹھویں ماہ میں داخل ہو چکی اسرائیلی جنگ کے نتیجے میں اب تک 34844 فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔ وزارت صحت کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں خواتین اور بچوں کی تعداد زیادہ ہے۔

لاہور کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آتشزدگی

آگ امیگریشن کاؤنٹر کی سیلنگ میں اچانک شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگ، مسافروں میں بھگدڑ مچ گئی، آگ پر قابو پا لیا گیا، آگ کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی گئیعلامہ اقبال انٹرنیشنل ائیر پورٹ لاہور پر آتشزدگی، حج پروازوں کو روک دیا گیا، آتشزدگی سے امیگریشن سسٹم تباہ ہوگیا، ائیر پورٹ حکام نے امیگریشن ہال خالی کروالیا، آگ کے بعد امیگریشن کا عمل روک دیا گیا جس کی وجہ سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ آگ کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔

●●●●●

ہفت روزہ

خبروں کی خبر

اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا

KHABRON KI KHABAR

دہلی سے عازمین حج کا پہلا قافلہ روانہ

اس سال کل 025,75,1 عازمین حج فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے جائیں گے جس میں حکومت ہند کی طرف سے 025,40,1 عازمین ہوں گے۔ ان کے علاوہ 35,000 عازمین پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کے ذریعے حج پر جائیں گے۔ حج 2024 کے لیے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ آج (9 مئی) سے شروع ہو گیا ہے۔ عازمین حج کو لے کر سعودی ایئر لائنز کی پہلی پرواز دہلی دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے کے ٹرمینل 3 سے سعودی عرب کے لیے صبح 2.20 بجے روانہ ہوئی۔ اس موقع پر ہوائی اڈے پر حج کمیٹی کے افسران و ممبران موجود تھے۔ عازمین حج کو دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی جانب سے مقرر کردہ بھارت اسکاؤٹس اور گائیڈز کے دستے نے پھولوں کے ہار پہنائے اور گارڈ آف آنر کے بعد رخصت کیا۔ پہلے قافلے میں کل 285 عازمین حج کے لیے روانہ ہوئے۔ اس سال کل 025,75,1 عازمین حج فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے جائیں

گے جس میں حکومت ہند کی طرف سے 025,40,1 عازمین ہوں گے۔ ان کے علاوہ 000,35 عازمین پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کے ذریعے حج پر جائیں گے۔ واضح رہے کہ ہندوستان بھر میں کل 20 سفری مقامات سے عازمین حج روانہ ہوتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں دہلی سے جانے والے حاجیوں کی واپسی 22 جون سے شروع ہوگی۔ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی چیئر پرسن کوثر جہاں، ممبر محمد سعد، حج کمیٹی آف انڈیا کے سی ای او لیاقت علی آفاقی، ڈپٹی سی ای او ناظم احمد، دہلی حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر اشفاق احمد عارفی نے عازمین حج کے اس پہلے قافلے کو روانہ کیا۔

سعودی عرب نے حج زائرین کے قوانین میں ترمیم کری

"مکہ جانے کیلئے پرمٹ لازمی" انٹرنیشنل ڈیسک۔ سعودی عرب حکومت نے عازمین حج کے قوانین کو بہتر کیا ہے۔ اس کے تحت اب حج پر جانے والے عازمین کو مکہ جانے کے لئے پرمٹ لینا ہوگا۔ سعودی عرب کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پبلک سیکیورٹی نے کہا کہ حج سے قبل مکہ میں داخلے کے لیے متعلقہ حکام سے اجازت نامہ لینا ضروری ہوگا۔ درحقیقت اس سال حج کا آغاز پہلے ہو رہا ہے، اس لیے ہندوستان سے حج پر جانے والے عازمین نے اپنی تیاریاں تیز کر دی ہیں۔ دوسری جانب سعودی عرب اس بار بڑے انتظامات کر رہا ہے۔ مانا جا رہا ہے کہ اس بار ریکارڈ تعداد میں عازمین حج سعودی پہنچیں گے، جن میں سے ہندوستانی عازمین کی تعداد میں بھی اضافہ ہونے کی امید ہے۔ سعودی عرب اس سال 20 لاکھ سے زائد عازمین حج کے استقبال کی تیاریاں کر رہا ہے۔ حکومت کے ساتھ نجی شعبے کی ایجنسیاں بھی حج کی سہولیات بڑھانے پر زور دے رہی ہیں۔ سعودی حکومت نے کہا ہے کہ اس سال نسخ کارڈ سسٹم بھی متعارف کرایا گیا ہے جس سے عازمین حج کی سہولت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ نے اس سال نسخ کارڈ ٹیگ کا اجرا کیا ہے۔ حج و عمرہ کے وزیر ڈاکٹر توفیق الربیعہ نے کہا کہ یہ ٹیگ حج کے موسم میں مقدس مقامات پر حاجیوں کے داخلے کے لئے شروع کیا گیا ہے۔ نسخ کارڈ تمام حاجیوں کو دیا جائے گا، اس کا ڈیجیٹل ورژن بھی ہوگا۔ تمام عازمین کی معلومات نسخ کارڈ میں درج کی جائیں گی۔ یہ کارڈ حج کے دوران اپنے پاس رکھنا ہوگا۔ کارڈ کے ذریعے حکام عازمین حج کی آسانی سے شناخت کر سکیں گے اور کسی بھی فرضی حاجی کے داخلے پر پابندی لگائی جا سکے گی۔ گلف نیوز کے مطابق اس سال رمضان المبارک کے مہینے میں مکہ مکرمہ کی عظیم الشان مسجد میں حجاج کرام کی بڑی تعداد آئی۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب سمیت بیرون ملک سے تقریباً 3 کروڑ مسلمانوں نے عمرہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ ماہ رمضان میں 3 کروڑ 30 لاکھ افراد نے مسجد نبوی پہنچ کر نماز ادا کی۔ ایسے میں امید کی جا رہی ہے کہ اس سال بھی ریکارڈ تعداد میں عازمین حج کی آمد کا امکان ہے۔ وزارت حج نے اس سال مدینہ منورہ آنے اور جانے والے عازمین کے لیے 3500 افراد کی ڈیوٹی لگائی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے بڑی تعداد میں اسلامی تاریخی مقامات کی تزئین و آرائش کی ہے۔ اس بار لوگوں کو ٹور گائیڈ بھی دیے جائیں گے۔ وزارت حج کے مطابق گزشتہ سال تقریباً 18 لاکھ عازمین سعودی عرب پہنچے تھے۔

اجمیر شریف کا ڈھائی دن جھونپڑا مسجد پر اب ہندوؤں کے بعد جین سماج نے اپنا دعویٰ جتایا

اجمیر شریف (ذرائع) ہندوؤں کے بعد اب جین برادری نے راجستھان کے اجمیر میں خواجہ غریب نواز کی درگاہ کے قریب واقع ڈھائی دن کا جھوپڑا میں اپنا دعویٰ پیش کر دیا ہے۔ پہلے ہندوؤں کا دعویٰ تھا کہ یہاں سنسکرت کالج ہے اور اب جین برادری کے سنیل ساگر مہاراج نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ ایک جین کا مقدس جگہ ہے۔ منگل کو جین برادری کے مہاراج سنیل ساگر فاؤنٹین سرکل سے درگاہ بازار ہوتے ہوئے ڈھائی آدھی دن کا جھوپڑا پہنچے۔ جین برادری کے مطابق ڈھائی دن کی جھونپڑی پہلے جین مندر یا جگہ تھی اس سے پہلے بھی سنسکرت اسکول تھا جس کے بارے میں انہوں نے آج شواہد اکٹھے کرنے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ جین سنت سنیل ساگر جی مہاراج نے کہا کہ تاریخ وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی ہے، اس لئے ہر کسی کو فراخ دلی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ جھونپڑی نہیں ڈھائی دن کی جھونپڑی ایک تاریخی فن تعمیر اور محل کی آماجگاہ تھی۔ لیکن اس وقت یہ مسجد کی شکل میں نظر آ رہی ہے۔ یہاں کئی تاریخی مورتیاں بھی نصب تھیں جو تباہ ہو گئیں۔ ہر ایک کے اپنے اپنے عقائد اور نظریات ہیں، اس لیے ورثے کی حفاظت ہو، امن اور خیر سگالی کی ضرورت ہے۔ سنتوں کے جھونپڑی میں داخلے کے دوران مقامی مولانا کی جانب سے انہیں یہ کہہ کر روکنے کی کوشش کی گئی کہ وہ برہنہ ہو کر اندر داخل نہیں ہو سکتے، جس پر وشو ہندو پریشد کے عہدیداروں نے مداخلت کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ ہمارے سنت ایسے ہی ہوتے ہیں آپ کو کوئی اعتراض ہے یا جس کو اعتراض ہے، یہ ان کا مسئلہ ہے۔ اس موقع پر وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دل کے ساتھ پولس اہلکار بھی موجود تھے۔

ویٹنگ لسٹ کے 1588 عازمین کو اور ملی منظوری

ڈاکٹر لیاقت علی آفاقی آئی نے عازمین سے اپیل کی کہ کسی بھی معلومات کے لیے حج کمیٹی آف انڈیا یا ریاستی حج کمیٹیوں کے دفاتر سے رابطہ کریں۔ کسی پروپگنڈے اور افواہ کا شکار نہ ہوں۔ حج کمیٹی آف انڈیا کے تحت 2024 میں حج پر جانے کا انتظار کر رہے عازمین میں 1588 عازمین کو تیسری فہرست میں منظوری مل گئی ہے حج کمیٹی آف انڈیا کے سی ای او، ڈاکٹر لیاقت علی آفاقی نے بتایا قرعہ میں منتخب عازمین کے ذریعہ مختلف ریاستوں سے منسوخ کرائی گئی نشستوں کو پُر کرنے کے لیے تیسری ویٹنگ لسٹ کو منظوری دے دی گئی ہے۔ ویٹنگ لسٹ میں وہ خوش نصیب اشخاص جن کو منظوری مل گئی ہے ان میں چھتیس گڑھ کے 10، دہلی کے 87 گجرات کے 168 کرناٹک کے 296 کیرالا کے 253 مدھیہ پردیش کے 58 مہاراشٹرا کے 345 منی پور کے 10 تامل ناڈو کے 113 اور تلنگانہ کے 248 اور عازمین ہیں۔ انھیں حج 2024 کے رہنما اصولوں کے تحت منظوری مل گئی۔ ڈاکٹر آفاقی نے مزید بتایا کہ ویٹنگ لسٹ سے منظور شدہ عازمین حج اخراجات کی کُل رقم اپنے ایمبارکیشن کے اعتبار سے اسٹیٹ بینک آف انڈیا (SBI) یا یونین بینک آف انڈیا (UBI) کی کسی بھی شاخ میں 14 مئی 2024 کو یا اس سے پہلے حج کمیٹی آف انڈیا کے اکاونٹ میں جمع کرا دیں۔ جبکہ اصل انٹرنیشنل پاسپورٹ (مشین ریڈ ایبل)، حج درخواست فارم، رقم جمع کی ہوئی پے ان سلپ/ آن لائن رسید کی کاپی، میڈیکل اسکریننگ اور فٹنس سرٹیفکیٹ، حلف نامہ/ عہد نامہ و دیگر مطلوبہ کاغذات اپنی متعلقہ صوبائی حج کمیٹی میں مقررہ تاریخ یا اس سے قبل جمع کرا دیں۔ ڈاکٹر لیاقت علی آفاقی آئی نے عازمین سے اپیل کی کہ کسی بھی معلومات کے لیے حج کمیٹی آف انڈیا یا ریاستی حج کمیٹیوں کے دفاتر سے رابطہ کریں۔ کسی پروپگنڈے اور افواہ کا شکار نہ ہوں۔

مراٹھواڑہ کے تمام دینی مدارس میں جدید علیمی سال کا آغاز

سال کا آغاز ماہ شوال سے ہوتا ہے اور انتظام ماہ شعبان پر ابھی ماہ شوال میں ملک کے تمام دینی مدارس میں جدید وقدیم طلبا کے داخلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ وہ طلبہ جو دینی تعلیم کے شوقین نے ہے وہ ملک کے مختلف علاقوں سے دور دراز کا سفر طے ہوتے کر کے اپنے پسندیدہ مدارس میں پہنچتے ہیں اور وہاں داخلہ لینے کی کوشش کرتے ہے، آج جبکہ ہر طرف مادیت کا بازار گرم ہے نئی نسل عصری تعلیم کی طرف بڑھ رہی ہے اور ہر روز مال و دولت کی حرص و طمع میں اضافہ ہو رہا ہے اور ملک میں عصری و سائنسی تعلیم کا ہوں والا ہے ایسے حالات میں بھی تمام دنیوی ترقی کی ظاہری وسائل کو چھوڑ کر کچھ طلبا خالص دینی مدارس میں داخلہ لیتے ہیں۔ یقیناً وہ قابل مبارکباد ہے گرچہ مداری میں داخلہ لینے والے طلبا کی تعداو اسکولوں، کالجوں میں داخلہ لینے والے طلبا و طالبات کے مقابلے میں بہت کم ہے اگر پھر بھی مدارس کی طرف رخ کرنے والے اچھے خاصے طلبا ہوتے ہیں، یہ ایک اچھا قدم ہے اور یہ علما و ائمہ اور داعیوں کی مسلسل محنت کا ثمرہ ہے کہ آج بھی طلبا دینی تعلیم کے حصول کیلئے جوق در جوق آ رہے ہیں، یہ وہ طلبا ہوتے ہے جو مدارس سے فارغ ہو کر دوسروں تک دین کی باتیں پہنچانے کے اہل ہوتے ہیں اور عوام الناس ان سے فائدہ اٹھاتے ہے، ابھی مدارس کے تعلیم کی شروعات ہے میں تمام ایلی مدارس سے وابستہ علماء سے ار بابی التماس کروں کہ کہ دینی تعلیم کے حصول کے لئے آئے ہوئے طلبا کی ہمت افزائی فرمائیں انہیں حوصلہ اور امت دیں اور ان کے اس عمل کی تعریف کریں بلکہ میں یہ کہتا ہو کہ جہاں تک ممکن ہو ان کو داخلہ دینے کی کوشش کریں اور اگر گنجائش نہ ہو تو دوسرے مداری کی طرف ان کی رہنمائی کریں۔ اور ان کی بھر پر مدد کریں کیوں کہ مدارس کے فارغ طلبا ہی مستقبل میں دینی تعلیم کے ذمہ دار ہونے والے ہیں، اس لئے تمام مدارس کی بھی یہ کوشش ہونی چاہئے کہ وہ مدارس میں ایسا مضبوط احکام تعلیم و تربیت مرتب کریں۔ جو مستقبل کی تمام ضرورتوں کا کھیل ہو اور اس بات کا بھی بھر پور خیال رکھا جانا چاہئے کہ مداری میں آئے ہوئے طالبان علوم نبوت جہاں ایک اور زمہ داران مدارس کو اس بات کی بھرپور کوشش کرنا چاہئے مدارس میں زیادہ سے زیادہ بچے پڑھنے کے لئے داخلہ لیں۔ بلکہ اگر ضرورت ہو تو عصری مدارس کی طرز پر علماء، دانشوران، سمایی کارکنان گھر گھر جا کر سروے کریں اور بچوں کے والدین سے بات چیت کریں اور انہیں اس ات پر آمادہ کریں کہ وہ اپنے بچوں کو مدارس میں زیادہ سے زیادہ شریک کروائیں۔

عازمین حج کے لیے سعودی قوانین میں تبدیلی

اب مکہ مکرمہ میں داخلے کا لینا ہوگا اجازت نامہ

دنیا بھر میں جاری حج کی تیاریوں کے درمیان سعودی عرب نے عازمین حج کے لیے اپنے قوانین میں تبدیلی کر دی ہے۔ اس کے تحت اب مکہ میں داخل ہونے کا اجازت نامہ حاصل کرنا ہوگا۔ سعودی عرب کی حکومت نے عازمین حج سے متعلق قوانین کو مزید بہتر بناتے ہوئے ایک نیا قانون متعارف کرایا ہے۔ اس کے تحت اب حج پر جانے والے عازمین کو مکہ میں داخل ہونے کے لیے اجازت نامہ حاصل کرنا ہوگا۔ سعودی عرب کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پبلک سیکیورٹی نے کہا کہ حج سے قبل مکہ میں داخلے کے لیے متعلقہ حکام سے اجازت نامہ لینا ضروری ہوگا۔ بغیر اجازت مکہ جانے والوں کو واپس بھیج دیا جائے گا۔ حج پر جانے والے ہندوستانی عازمین کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ سعودی عرب میں حج کے انتظامات سے متعلق تیاریوں سے آنے والی خبروں کے مطابق سعودی عرب اس بار بڑے پیمانے پر انتظامات کر رہا ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ اس بار ریکارڈ تعداد میں عازمین حج سعودی عرب پہنچیں گے جن میں سے ہندوستانی حجاج کی تعداد میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ سعودی عرب اس سال 20 لاکھ سے زائد عازمین حج کے استقبال کی تیاریاں کر رہا ہے۔ حکومت کے ساتھ نجی شعبے کی ایجنسیاں بھی حج کی سہولیات کو بڑھانے میں لگی ہوئی ہیں۔ سعودی حکومت نے کہا ہے کہ اس سال نسخ کارڈ سسٹم بھی متعارف کرایا گیا ہے جس سے عازمین حج کی سہولت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ نے اس سال نسخ کارڈ ٹیگ کا اجرا کیا ہے۔ حج و عمرہ کے وزیر ڈاکٹر توفیق الربیعہ نے کہا ہے کہ یہ ٹیگ حج کے دوران مقدس مقامات پر حاجیوں کے داخلے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ نسخ کارڈ تمام حاجیوں کو دیا جائے گا۔ اس کا ڈیجیٹل ورژن بھی ہوگا۔ تمام عازمین کی معلومات نسخ کارڈ میں درج کی جائیں گی۔ یہ کارڈ حج کے دوران اپنے پاس رکھنا ہوگا۔ کارڈ کے ذریعے حکام عازمین حج کی آسانی سے شناخت کر سکیں گے اور کسی بھی جعلی حاجی کے داخلے پر پابندی لگائی جا سکے گی۔ گلف نیوز کے مطابق اس سال رمضان المبارک کے مہینے میں مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام میں بڑی تعداد میں عازمین عمرہ آئے۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب سمیت بیرون ملک سے تقریباً 3 کروڑ مسلمانوں نے عمرہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ ماہ رمضان میں 3 کروڑ 30 لاکھ افراد نے مسجد نبوی میں نماز ادا کی۔ ایسے میں امید کی جا رہی ہے کہ اس سال ریکارڈ تعداد میں عازمین حج بھی تشریف لائیں گے۔ وزارت حج نے اس سال مدینہ منورہ آنے اور جانے والے عازمین کے لیے 3500 افراد کی ڈیوٹی لگائی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے بڑی تعداد میں اسلامی تاریخی مقامات کی تزئین و آرائش کی ہے۔ اس بار لوگوں کو ٹور گائیڈ بھی دیے جائیں گے۔ وزارت حج کے مطابق گزشتہ سال تقریباً 18 لاکھ عازمین سعودی عرب پہنچے تھے۔

پسماندہ طلبہ کو اسکول میں مفت تعلیم

کیس میں ایم پی جے کو راحت

پربھنی ذکی الدین خطیب تعلیم کے حق کے لیے لڑنے والے کارکنوں کو ممبئی ہائیکورٹ نے بڑی راحت دی ہے موومنٹ فار پیس اینڈ جسٹس ایم پی جے کی طرف سے ہدایت حق برائے تعلیم قانون کی رٹ پٹیشن کے حق میں حکم امتناعی جاری کر دیا غور طلب یہ ہے کہ ایم پی جے نے مہاراشٹر میں رائٹ ٹو ایجوکیشن (آر ٹی ای) قانون میں حالیہ ترمیم کو چیلنج کرتے ہوئے بیٹی ہائی کورٹ میں ایک رٹ پٹیشن ڈائر کر کے حکومت کو ایک کلو میٹر کے اندر واقعے پرائیویٹ اسکولوں کو غریب اور پسماندہ بچوں کے لیے 25 فیصد ریزرویشن کی ضرورت سے استثنا دیا گیا تھا اب اس حکم امتناعی سے عدالت کے حتمی فیصلے تک حکومت کی استثناء۔ پالیسی کا نفاذ نہیں ہوگا یہ ایم پی جے اور تعلیم تک مساوی رسائی کے لیے کام کرنے والے تمام کارکنان کے لیے ایک بڑی راحت ہے جن کا موقف تھا کہ حکومت کی پالیسی تعلیمی نظام میں موجود عدم مساوات کو مزید بڑھاوا دے کی دراصل حق برائے تعلیم ایکٹ جو مرکزی حکومت کا قانون ہے یہ طے کرتا ہے کہ پرائیویٹ اسکولوں کو اپنی 25 فیصد سیٹیں معاشی طور پر پسماندہ طبقہ اور سماجی طور پر پسماندہ گروہوں کے بچوں کے لیے مختص حکومت سے استثناء کرنی ہو گی مہاراشٹر حکومت کے استثناء پالیسی سے تعلیمی میں قانون کے تحت شمولیتی تعلیم کو فروغ دینے کا مقصد کمزور ہو گیا تھا ایم پی جے کے صدر محمد سراج نے آج کی عدالتی فیصلے پر کہا کہ اس حکم امتناعی سے ایک امید کی کرن نظر آ رہی ہے کہ تمام بچوں کے لیے مساوی اور شمولیتی تعلیم کا بنیادی حق برقرار رہے گا ہم امید کرتے ہیں کہ عدالت ہمارے حق میں فیصلہ دے گی اور یہ یقینی بنائیں گے کہ تمام طلبہ چاہے ان کا پس منظر کچھ بھی ہو انہیں مساوی شمولیتی اور معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہو مہاراشٹر حکومت نے پہلے اپنے اس فیصلے کا دفاع کیا تھا تاہم ناقدین کہنا ہے کہ یہ پالیسی تعلیمی نظام میں دو طبقے کا نظام بنا دے گی جہاں غریب بچے سرکاری سکولوں میں جانے پر مجبور ہوں گے جبکہ امیر خاندانوں کے بچوں کو بہتر وسائل سے لیس پرائیویٹ اداروں تک رسائی حاصل ہو گی ایم پی جے کی عرضداشت پر یہ موقف اختیار کیا آ گیا تھا کہ حکومت کی استثناء را پالیسی حق برائے تعلیم قانون کے مقاصد کو کمزور کرتی ہے اور تعلیمی نظام میں سماجی علاحدگی کو بڑھاتی ہے ہائی کورٹ کے حکم امتناعی کے کم از کم عبوری طور پر اس دلیل کی تائید کرتا ہے اور مہاراشٹر میں حق برائے تعلیم قانون کے زیادہ منصفانہ نفاذ کا راستہ ہموار کرتا ہے بمبے ہائی کورٹ کا حکم امتناعی حق برائے تعلیم قانون کے حامیوں کے لیے ایک مثبت پیشرفت ہے اور ریاست میں زیادہ منصفانہ تعلیم کے نظام کے لیے راستہ ہموار کرتا ہے



ہفت روزہ
خبروں کی خبر
اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا
KHABRON KI KHABAR

انڈیا الائنس امیدواروں کو ہی ووٹ دیں

اورنگ آباد: ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ مودی قیادت والی بی جے پی بھارت کو ہندو راشٹر بنانے کی خاطر پارلیمانی انتخابات میں اب کی بار چار سو پار کے مشن کو عملی جامہ پہنانے کمر کس چکی ہے۔ ملک میں CAANRC، کامنسول کوڈ نافذ کرنے کے ناپاک عزائم کے ساتھ بی جے پی میدان میں اتری ہے۔ جبکہ بی جے پی کے اس شیطانی منصوبہ اور طاقت کو ختم کرنے کی قابلیت وقوت صرف انڈیا الائنس میں ہی ہے۔ لہٰذا اورنگ آباد سمیت مہاراشٹر کے تمام پارلیمانی حلقہ انتخابات میں سیکولر ذہنیت کے حامل رائے دہندگان بالخصوص دلت اور مسلمان صرف اور صرف انڈیا الائنس سے وابستہ مہاو کاس آگھاڑی امیدواروں کے حق میں ہی رائے دہی کریں، اس طرح کی دردمندانہ اپیل راشٹر وادی کانگریس کے سینئر قائد و کابینی درجہ رکھنے والے سابق چیئرمین کنزیومر ایڈوائزری کمیٹی کمال فاروقی نے کی ہے۔ کانگریس و راشٹر وادی کانگریس اور سماج وادی پارٹی عہدیداران کے علاوہ ایکٹیویسٹ، سوشل ورکر اور حلقہ کے تمام باشعور شہریان کی پارلیمانی انتخابات کے پیش نظر منعقد خصوصی میٹنگ میں کمال فاروقی رہنمائی کر رہے تھے۔ اپنی مخاطبت میں انہوں نے واضح کیا کہ حالات کی سنگینی اور وقت کے تقاضہ کو محسوس کرتے ہوئے مولانا ارشد مدنی، مولانا سجاد نعمانی اور دیگر جید علماء کرام نے پورے ملک میں پارلیمانی انتخابات کے دوران انڈیا الائنس سے وابستہ امیدواروں کے حق میں ہی رائے دہی کی تلقین کی ہے۔ کبھی دانشوران اور علماء کرام نے یا پیل بھی کی ہے کہ موجودہ الیکشن عام الیکشن نہیں ہے۔

امن وامان کی برقراری کیلئے شہر میں پولس کا زبردست فلیگ مارچ

اورنگ آباد: ۱۸ مئی (نامہ نگار) پارلیمانی انتخابات کے پیش نظر شہر میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے پولس انتظامیہ الرٹ ہو چکا ہے اور شہر میں پولس بندوبست بڑھا دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی انتخابی ماحول میں شر پسند اور غنڈہ صفت عناصر کی سرکوبی کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں فلیگ مارچ بھی کیا جا رہا ہے۔ گذشتہ ہفتے بھر سے یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس کے تحت آج پولس کی جانب سے شہر میں ایک بڑا اور منتظم فلیگ مارچ کیا گیا جس میں پولس سمیت فوج اور ہوم گارڈس و دیگر محکمہ جات کے افسران وملازمین بھی شریک ہوئے۔

واضح ہو کہ انتخابی تشہیر اور رائے دہی کے دوران تشدد کے واقعات رونماء ہونے کا قوی امکان ہوتا ہے جس کے باعث شہر کے امن میں خلل پڑتا ہے جبکہ سیاسی پارٹیوں کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کے سبب بھی حالات مکدر ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ اورنگ آباد شہر ہمیشہ ہی حساس شہر رہا ہے۔ لہٰذا شہر میں امن وامان کی برقراری کیلئے پولس انتظامیہ کی جانب سے احتیاطی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں اعلیٰ پولیس افسران کی نگرانی میں شر پسندوں کی دھر پکڑ کے علاوہ حفاظتی انتظامات بھی سخت کیے گئے ہیں۔

مسجد ممتاز میں قدیم حفاظ کے مابین مسابقہ قرآن کا انعقاد

اورنگ آباد شہر اورنگ آباد میں مجلس ائمہ وموذنین وادارہ دعوۃ الحق کے زیر اہتمام گزشتہ دو سالوں سے جاری قدیم. احفاظ کے مابین مسابقہ القرآن الکریم کے سحر انگیز کارنامے سے شاید ہی کوئی واقف نہ ہو۔ یقیناً طلبائے مدارس و مکاتب تو دوران طالب علمی اپنے قرآن پاک پر خوب محنت و کوشش کر کے قرآن کو محفوظ و یاد رکھتے ہیں لیکن شہر اورنگ آباد کے انگنت خوبیوں میں ایک اہم نمایاں خوبی یہ بھی ہے کہ الحمد للہ گزشتہ دو سالوں سے طلبائے مدارس نہیں، طلبائے مکاتب نہیں بلکہ مدرسین مکاتب، اساتذہ، ائمہ، واعظین، قراء، المختصر بڑی عمر کے حفاظ کے مابین مسابقۃ القرآن کا انعقاد عمل میں آیا۔ گذشتہ سال ہر ماہ الگ الگ مساجد میں مسابقہ کا انعقاد ہوتا رہا مگر امسال الحاج انورخان کی والدہ کے نام سے موسوم نئی تعمیر شدہ مسجد ممتاز آزاد چوک میں پورے سال کیلئے مسابقہ قرآنیہ کا انعقاد کیا گیا۔ 7 مئی 2024 بمقام الیاس مسجد، آزاد چوک، اورنگ آباد پر اسی ضمن میں دوسرا سالانہ اجلاس عام کا انعقاد کیا گیا تھا، جس میں 3 خوش نصیب حفاظ کرام کو انعام میں زیارت حرمین شریفین، سعادت عمرہ کا اعلان کیا گیا نیز اسی طرح تاریخی شہر اورنگ آباد کی تاریخ میں مزید یاد رکھا جا ایسا کام منتظمین اجلاس الحاج انور خان، الحاج آصف خان و برادران ایلورہ گروپ نے انجام دیا، وہ یہ کہ جس جگہ ا منتظمین حضرات کی رہائش

سب سے پہلے خطرناک نالوں کی صفائی ہوگی

اورنگ آباد: (رپورٹر) پری مانسون تیاریوں کے حصہ کے طور پر میونسپل کارپوریشن نے شہر میں نالوں کی صفائی شروع کر دی ہے۔ پہلے مرحلے میں ایسے خطرناک نالوں کی صفائی کا کام شروع کیا گیا ہے جو اکثر بھر جاتے ہیں یا ایسے نالوں جن کی وجہ سے شہریوں کے گھروں اور دکانوں جن کی وجہ سے شہریوں کے گھروں اور دکانوں میں پانی داخل ہو جاتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس مقصد کے لیے ہر وارڈ میں 5 لاکھ روپے کا فنڈ تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر سال میونسپل انتظامیہ نالوں کی صفائی پر ڈیڑھ سے دو کروڑ خرچ کرتی تھی۔ لیکن جب سے ایڈمنسٹریٹر راج نافذ ہوا ہے انتظامیہ اپنے نظام سے نالے صاف کر رہی ہے۔ اس سال بھی شہر میں نالوں کی صفائی کا کام کارپوریشن کے نظام کے ذریعے کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے بلدیہ کے مکینیکل ڈیپارٹمنٹ کی مشینری استعمال کی جا رہی ہے۔ وہ علاقے جہاں نالوں کو مشینری کے ذریعے صاف کیا جا رہا ہے۔ ان میں مدھیا بھون، جے بھوانی نگر، بائی پورہ نجے نگر، ناگیشور واڑی، کھوکھر پورہ، اورنگ پورہ، الکانگری، کوگل واڑی کے علاقوں میں بڑے نالے سیلاب کا شکار ہیں۔ مون سون کے دوران سیلاب کا پانی کئی گھروں میں داخل ہو جاتا ہے۔ جے بھوانی نگر کے سڑکو این 6 میں نالے میں گرنے سے موت کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ ایسے نالوں کو پہلے مرحلے میں ترجیح سامنے آئے ہیں۔ ایسے نالوں کو پہلے مرحلے میں ترجیح دی گئی ہے۔ شہر میں کل 98 چھوٹے اور بڑے نالے ہیں۔ اس میں 44 بڑے نالے ہیں۔ 54 نالے چھوٹے ہیں۔ ان کی لمبائی تقریباً اے کی 102 کلومیٹر بتائی جاتی ہے۔ میونسپل کارپوریشن نے ان تمام نالوں کی پری مانسون صفائی کا بیڑا اٹھایا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مئی آخر تک کام مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کے میکانیکل ڈپارٹمنٹ کی مشنری کے ذریعے صفائی ستھرائی کا کام کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے وارڈ آفس وار مالی انتظام کیا گیا ہے۔ سیلاب سے شہر میں بڑے نالوں کے ساتھ مکانات کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا تھا۔ اس کے علاوہ بعض نالوں میں گرنے سے ہلاکتوں کے واقعات بھی پیش آئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ میونسپل انتظامیہ نے پہلے مرحلے میں ایسے خطرناک نالوں کی صفائی کو ترجیح دی ہے۔ ذرائع نے کہا کہ نالوں کی صفائی کے لیے وارڈ وار پانچ لاکھ تک کے اخراجات کی منظوری دی جائے گی۔

●●●●●

سٹی ڈیولپمنٹ پلان پر اعتراض کرنے والوں کو نوٹس جاری

اورنگ آباد: (رپورٹر) شہر کے ڈیولپمنٹ پلان پر 6 مئی تک ساڑھے آٹھ ہزار سے زائد اعتراضات موصول ہوئے ہیں۔ شہریان کی طرف سے موصولہ اعتراضات ٹیم کے حوالے کر دیے گئے ہیں۔ ان اعتراضات پر سماعت کیلئے آگے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اعتراض کرنے والوں کی سماعت کے حوالے سے نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ دو ماہ قبل حکومت کی طرف سے مقرر کرد آزاد افسر سریکانت دیشمکھ نے توسیعی شہر کے ترقیاتی منصوبے کا مسودہ پیش کیا گیا۔ اس پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے 60 دن کا وقت دیا گیا تھا۔ اعتراضات میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اس پلان میں بے شمار غلطیاں ہوئی ہیں۔ تر بستیوں میں، کچی آبادیوں؟ میں تحفظات، بہت سی سڑکوں کے لیے گٹ نمبرز، مرز غائب، غلط اسکیل ایسی سڑکیں جنہیں میونسپل کارپوریشن نے کی نے ٹی ڈی آر دے کر زمین حاصل کی تھی۔ ڈرافٹ ڈولپمنٹ پلان میں کئی غلطیاں پائی گئیں۔ اس لیے شہری گزشتہ دو ماہ سے اعتراضات درج کروا رہے تھے۔ ۶ مئی تک مجموعی طور پر ساڑھے آٹھ ہزار اعتراضات داخل کیے گئے۔ تمام اعتراضات کو مزید کارروائی کے لیے حکومت کے مقرر کردہ آزاد افسر سریکانت دیکھ کو حوالے کیا گیا ہے۔

●●●●●

بے خوف ماحول میں منصفانہ انتخابات کیلئے انتظامیہ تیار

ضلع کلکٹر نے دلیپ سوامی نے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا امن وامان کی برقراری کیلئے احکامات جاری: اورنگ آباد: 9 مئی (نامہ نگار) بے خوف اور منصفانہ ماحول میں انتخابات کے انعقاد کیلئے ضلع کلکٹر اور ر اور ضلع الیکشن آفیسر دلیپ سوامی نے آج امن و امان کی صورتحال اور منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ یہ جائزہ اجلاس آج کلکٹر دفتر میں منعقد ہوا جس میں پولس کمشنر منوج لوہیا، پولس سپرنٹنڈنٹ منیش کلوانیہ، اقامتی نائب کلکٹر ونود کھیر ولکر، نائب آر ٹی او آفیسر وجے کا ٹھوڑے، ریاستی ایکسائز سپرنٹنڈنٹ سنتوش جھگڑے، ضلع الیکشن آفیسر دیویندر کٹکے، ڈپٹی پولس کمشنر پرشانت سوامی اور حفاظتی انتظامات سے متعلق نوڈل افسران موجود تھے۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں رائے دہی کے آغاز سے 72 گھنٹے قبل حفاظتی انتظامات کے تحت منصوبہ بندی اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے بارے میں گفت وشنید کی گئی۔ رائے دہی کے عمل میں بے خوف ہو کر حصہ لینے کیلئے شہریوں میں اعتماد پیدا کرنے کے مقصد سے پولس کے فلیگ مارچ کرنے اور ہر پولس اسٹیشن میں انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایات فوری طور پر درج کرنے کی ہدایت دی گئی۔ تشہیری مہم کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے واقعات کیخلاف بھی فوری کارروائی کرنے اور ضلع کی سرحدوں پر گاڑیوں کی جانچ، شہر کی طرف آنے والی سڑکوں کی ناکہ بندی کیلئے تیار رہنے کی ہدایات بھی جاری کی۔ اس جانچ مہم کے دوران شراب، منشیات، نقدرتم، غیر قانونی اسلحہ حمل ونقل پر خصوصی نگاہ رکھنے کا حکم دیا گیا، اس کے علاوہ منگلکی حمل ونقل پر خصوصی نگاہ رکھنے کا حکم دیا گیا۔ اس کے علاوہ منگل کاریالیہ، میٹنگ ہال، دھرم شالہ، گیسٹ ہاؤسز کا معائنہ کیا جائے اور ان مقامات پر باہر سے آکر ٹھہرنے والے لوگوں کی تفصیلات حاصل کریں ساتھ ہی کھانے پینے کی اشیاء کی جانچ کرنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ جائزہ اجلاس میں رائے دہی اُمور کو انجام دینے والے عملے، ووٹنگ مشینوں کی حمل ونقل، پولنگ کے بعد ووٹنگ مشینیں جمع کرنے کیلئے اسٹرانگ روم پر حفاظتی بندوبست، پولنگ اسٹیشن پر حفاظتی انتظامات، پولنگ اسٹیشن کے 10 میٹر علاقے میں انتظامات کے حوالے سے بھی ہدایات دی گئیں۔ ضلع میں حفاظتی دستوں کو رائے دہندگان میں بے خوف اور منصفانہ انتخابات کیلئے ماحول فراہم کرنے کی بھی ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے ہدایت دی۔

جائیکواڑی ڈیم میں صرف 7 فیصد آبی ذخیرہ



اورنگ آباد: ۹ مئی (نامہ نگار) مراٹھواڑہ کو پانی فراہم کرنے والے جائیکواڑی ڈیم میں صرف 27.7 فیصد پانی کا ذخیرہ ہے اور روزانہ ڈیم سے 16.1 فیصد پانی بخارات بن کر اڑ رہا ہے، جس کے سبب ڈیم کے آبی ذخیرہ میں تیزی سے کمی واقع ہو رہی ہے۔ اس کے پیش نظر انتظامیہ، ڈیم کے مردہ ذخیرہ سے پانی فراہم کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ سال 8 مئی کو جائیکواڑی ڈیم 04.48 فیصد پانی کا ذخیرہ تھا تاہم اس سال 8 مئی کو ڈیم میں صرف 28.7 فیصد ہی پانی کا ذخیرہ موجود ہے۔ لہٰذا اس ڈیم پر منحصر علاقوں کو آئندہ وقت میں ڈیم کے مردہ ذخیرہ سے پانی فراہم کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق تعمیر کے بعد 49 سالوں میں صرف چھ مرتبہ ہی ڈیم لبریز ہوا ہے جبکہ 13 بار 50 فیصد سے زائد پانی کا ذخیرہ ہوا ہے۔ برانچ انجینئر وجئے کا کڑے کے مطابق اس سے قبل 2018 میں بھی ڈیم کے مردہ ذخیرہ سے پانی فراہم کیا گیا تھا۔ کچھ دن قبل ہی جائیکواڑی ڈیم کے دونوں ہی کینال بند کیے گئے ہیں۔ خیال رہے کہ جائیکواڑی ڈیم سے اورنگ آباد ضلع کے شہر، ڈی ایم آئی سی، ایم آئی ڈی سی پیٹھن، والوج، چیتے گاؤں، شیند را، بڑکن جیسے مختلف منصوبوں کیلئے روزانہ 29.0 گھن میٹر پانی دیا جاتا ہے جبکہ ڈیم سے روزانہ 16.1 گھن میٹر پانی بخارات بن کر اڑ رہا ہے جس کی وجہ سے پانی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوتی جا رہی ہے۔

●●●●●

دستور ہند کے تحفظ کیلئے MIM کے امتیاز جلیل کے حق میں رائے دہی کریں

اورنگ آباد رکن پارلیمنٹ سید امتیاز جلیل کی تشہیر کے ضمن میں مجلس اتحاد مسلمین کے قومی صدر و رکن پارلیمنٹ حیدرآباد بیرسٹر الحاج اسد الدین اویسی کا جلسہ عام والوج' بھارت تمر میں منعقد کیا گیا جس میں ہزاروں کی تعداد میں والوج بجاج گھر کے رائے دہندگان کو ات مسلم خواتین اور لو جوانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر اسد الدین اویسی نے کہا کہ ملک کے وزیر اعظم نریندر مودی مسلمانوں کے خلاف زہر اگل رہے ہیں۔ انہیں گھس بیٹھیئے بتا رہے ہیں۔ جبکہ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت سے دنیا پر اتارے گئے تو سیدھے بھارت آئے۔ یہ میں اپنی جانب سے نہیں بول رہا ہوں آپ علماء کرام سے پوچھ سکتے ہیں۔ اسلئے کا یہ ملک ہمارے بابا آدم کا ہے اور ہم ان کے بیٹے ہیں۔ اسلئے یہ ملک ہمارا ہے اور ہم یہاں تھی چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی۔ انہوں نے نوجوانوں اور ماؤں بہنوں سے اپیل کی کہ وہ ۱۳ مئی کو پیچھے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی مسلمان ماؤں بہنوں کو زائد اولاد پیدا کرنے والا سید امتیاز جلیل کے حق میں یکطرفہ رائے دی کر کے انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کریں۔ اس موقع تا رہے ہیں۔ جبکہ خود وزیر اعظم نریندر مودی کے بھائی ہیں اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی بہیں پر جلس اتحاد المسلمین کے ترجمان سابق رکن اصلی اینکہ میں ایڈوکیٹ وار پٹھان کشن سین بہار کے کی کہ وہ دستور ہند کے تحفظ کے لئے مجلسی امیدوار سید امتیاز جلیل کے حق میں رائے دی کریں اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں۔ اسلئے کہ بی جے پی اور مودی کا جو حرواب کی بار 400 پار لگایا جا رہا ہے اس کا اصل مقصد دستور ہند کو تبدیل کرنا ہے۔ اسلئے دستور ہند کے تحفظ کے لئے ہمیں مجلس کے امیدوار سید امتیاز جلیل کو کامیاب کروانا نہایت ضروری ہے۔

خبروں کی خبر میں اشتہار دینے کیلئے رابطہ کریں
9021212189

This Weekly Printed,Published and Owner by Mohammed Rais Abdul Samad Printed at Red Prints,H.No.4-13-57/894, anjay Nagar, No.C-15,Baijipura, Aurangabad 431001(MS) and Published At H.No.1-9-79/2, Near Maitri Computer,Jaisingpura,Aurangabad 431001 (MS) **Editor: Ziya Ur Rahman Farooqui** Mob No.9021212189 **TCNO.MAHURD02636**